



attitude is everything's

# DIY ACCESS GUIDE











ابھرتے ہوئے فنکاروں کی پرفارمنس کے لئے گِگ اورٹوئروغیرہ میں
متاثرہ سماعت اورمعذورافراد کی آسان رسائی بہتربنانے کے طریقوں پر
بینڈز، آرٹسٹوں اورپروموٹرز کے لئے گائیڈ

International English Version

ہیلو،
کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے سب مداح آپ کی لائیو پرفارمنس سے لطف اندوز ہو سکیں؟

کیا آپ نئے لوگوں تک پہنچ کر نئے مداح بنانا چاہتے ہیں؟

کیا آپ ابھرتے ہوئے فنکاروں کے لئے گِگ کا اہتمام کرنے والے وینیوز کے ساتھ کام کرتے ہیں؟

کیا آپ کوشش کرتے ہیں کہ آپ کے شوز میں ہر طرح کے، ہر طبقے کے لوگ شامل ہوں؟

کیا واقعی آپ نے اس بارے میں کبھی نہیں سوچا، لیکن سمجھتے ہیں کہ ایک بار کوشش کرنا تو بنتا ہے؟

کیا آپ کو یہ پریشانی رہتی ہے کہ کہیں کچھ غلط نہ ہو جائے؟



## اگر ان میں سے کسی بھی سوال پر آپ کا جواب 'ہاں' میں ہے تو یہ گائیڈ

# آپ

## کے لئے ہے!

# ”اس گائیڈ میں وہ تمام ضروری معلومات دی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ معذور شائقین اور آرٹسٹوں کو اپنے ایونٹ کا حصہ بنا سکتے ہیں، اس لئے تمام بینڈز اور پروموٹرز اسے ضرور پڑھیں“



راب میڈیسن، ریوَینج آف کیلکولن

# ذرا سوچیں، آپ کے پسندیدہ بینڈ کا ایونٹ ہو، اور آپ صرف اس لئے نہ جا سکیں کہ …

شو کے دوران بیٹھنے کے لئے کرسیاں نہیں ہیں

آپ کو یہ پریشانی ہے کہ آپ ٹائلٹ کیسے جائیں گے

آپ اپنی مدد کے لئے ذاتی معاون کو ساتھ لانا چاہتے ہیں لیکن اُن کے لئے ٹکٹ نہیں مل رہا

آپ اس بات پر پریشان ہیں کہ آپ کو معذور افراد کی آسان رسائی کے بارے میں کہیں سے کوئی معلومات نہیں مل رہیں

راستے میں سیڑھیاں ہیں، جن پر بڑی آسانی سے ریمپ لگ سکتے تھے، لیکن نہیں ہیں

آپ اپنی دوائیں اور چلنے پھرنے میں مدد دینے والی ضروری اشیاء وغیرہ ساتھ لے کر نہیں جا سکتے

آپ لمبی قطاروں میں گھنٹوں کھڑے نہیں ہو سکتے

آپ کو اکتاہٹ ہونے لگی ہے کہ ہر جگہ آپ کو سب سے پیچھے جگہ ملتی ہے جہاں سے کچھ نظر نہیں آتا

کسی بھی میوزک شو میں جانا ہو یا ایونٹ میں، متاثرہ سماعت اور معذور افراد کو اس طرح کے کئی مسائل پیش آتے ہیں۔ البتہ اگر آرٹسٹ، بینڈ اور پروموٹرز، کچھ چھوٹے چھوٹے اور آسان سے کام کر لیں تو یہ رکاوٹیں دور ہو سکتی ہیں، ان کے شو یا ایونٹ میں متاثرہ سماعت اور معذور افراد بھی حصہ لے سکتے ہیں اور وہ ہماری اس کیمپین کا حصہ بن سکتے ہیں۔

”زیادہ تر جگہوں پر لوگ جان بوجھ کر ہمارے لئے اپنے دروازے بند نہیں کرتے۔ اصل میں اُنہیں درست طریقوں کا پتہ نہیں ہوتا اور اُن کے پاس معلومات نہیں ہوتیں۔

بینڈز اور پروموٹرز کو یہ معلومات ملنا بہت اہم ہے کہ اُن کے مداحوں کو آسان رسائی میں کون کون سی رکاوٹیں پیش آتی ہیں تاکہ وہ وینیو کی انتظامیہ کے ساتھ مل کر انہیں دور کر سکیں۔“



ہانا مک کیئرنین
میوزک فین + بلاگر

# ’اَیٹیٹیوڈ اِز ایوری تھنگ‘ (ATTITUDE IS EVERYTHING)، سال 2000 سے برطانیہ میں میوزک فیسٹولز اور اس طرح کی دیگر تقریبات، ایونٹس اور سرگرمیوں کے انتظامات کرنے والی ٹیموں کی مدد کر رہی ہے۔

اس دوران ہم نے پورے برطانیہ میں سینکڑوں وینیوز اور فیسٹولز کے انتظامات کرنے والی ٹیموں کے ساتھ مل کر کام کیا اور انہیں متاثرہ سماعت اور معذور افراد کی آسان رسائی یقینی بنانے میں مدد دی۔

’اَیٹیٹیوڈ اِز ایوری تھنگ‘ معذور افراد کے لئے سرگرم ایک فلاحی تنظیم ہے ۔ ہمارے ساتھ رابطے میں رہنے والے سینکڑوں متاثرہ سماعت اور معذور افراد مختلف میوزک فیسٹولز، ایونٹس، اور آؤٹ ڈور سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں، اور ہمیں اپنے تجربات کے بارے میں بتاتے ہیں۔

اس سلسلے میں ہم نے ایک ’بہترین طریقوں کا چارٹر‘ (Charter of Best Practices) تیار کیا ہے جس کا حصہ بنتے ہوئے ہر سائز کے وینیوز اور فیسٹولز کے انتظامات کرنے والی ٹیمیں اس کے مطابق کام کرنے اور اپنی سرگرمیوں میں سب لوگوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت یقینی بنانے کا عہد کرتی ہیں۔

گزشتہ کئی سالوں کے دوران ہم چھوٹے چھوٹے علاقوں میں بنے لاتعداد وینیوز پر بے شمار ایونٹس میں آسان رسائی یقینی بنانے کے لئے کام کر چکے ہیں اور اپنے اسی تجربے کی بدولت ہم آپ کو بھی اس میں بھرپور مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

مارچ 2017 میں ہم نے ’کانسٹینٹ فلَکس‘ (Constant Flux) اور ’ڈی آئی وائی سپیس فار لندن‘ (DIY Space for London) نامی وینیو کے ساتھ مل کر ایک ’اِن سائٹ ویک اَینڈ‘ (In-Sight Weekend) کا اہتمام کیا۔ پی آر ایس فاؤنڈیشن اور آرٹس کونسل انگلینڈ کے مالی تعاون سے منعقد کئے گئے اس ایونٹ میں معذور آرٹسٹوں کو اظہارِ خیال کا موقع ملا، اپنی مدد آپ کے تحت آسان رسائی پر ورکشاپس منعقد کی گئیں، اور ایک میوزک شو کا بھی اہتمام کیا گیا [جسے ہم انگریزی میں گِگ (Gig) بھی کہتے ہیں] جس میں ابھرتے ہوئے فنکاروں کو اپنے آئیڈیاز کو عمل شکل دینے کا موقع دیا گیا۔

اس گائیڈ میں ہم آپ کو انہی آئیڈیاز کے بارے میں بتائیں گے۔


DIY
SPACE



**ہم کون ہیں؟**

برطانیہ میں رہنے والے ایک کروڑ تیس لاکھ متاثرہ سماعت اور معذور افراد میں ہر طرح کے لوگ شامل ہیں، مثلاً

وہیل چیئر استعمال کرنے والے افراد

چلنے پھرنے کے نقائص کا شکار افراد

متاثرہ بصارت افراد


متاثرہ سماعت افراد

ایسے متاثرہ سماعت افراد جو اشاروں کی برطانوی زبان استعمال کرتے ہیں

سیکھنے کی صلاحیتوں کی معذوری کا شکار افراد

ذہنی بیماریوں کا شکار افراد

بصارت کے دیگر نقائص اور دائمی بیماریوں کا شکار افراد



**<u>ہمارے ساتھیوں میں اور بھی کئی لوگ شامل ہیں، مثلاً</u>**

ایسے مداح جو ہمارے خرچ پر اپنے دوستوں اور ساتھیوں کے ہمراہ آپ کے گِگ میں آنا چاہتے ہیں

ایسے آرٹسٹ جو آپ کے نام کی جانے والی کسی شام میں دیگر مقامی بینڈز کے ساتھ پرفارم کرنا چاہتے ہیں

ایسے پروموٹرز جو چھوٹے چھوٹے علاقوں میں بنے وینیوز کی مدد کرنا اور وہاں شو منعقد کرانا چاہتے ہیں

ایسے بلاگرز اور صحافی جو آپ کے شوز کی کوریج کرنا چاہتے ہیں

## کسی بھی گِگ میں اپنی پرفارمنس کے لئے ان 5 باتوں پر عمل کریں...

1. چیک کریں کہ کیا اس وینیو کی انتظامیہ نے معذور افراد کے لئے آسان رسائی کی معلومات آن لائن دی ہوئی ہیں۔

2. انہیں اس بات پر مائل کریں کہ ہماری #ایکسیس سٹارٹس آن لائن، کیمپین کا حصہ بنیں اور ہماری گائیڈ کو استعمال کرتے ہوئے اپنے مداحوں کو اپنے بارے میں معلومات فراہم کریں:

www.attitudeiseverything.org.uk/accessstartsonline

آن لائن دنیا آسان رسائی کی جانب پہلا قدم

attitude is everything

3. وینیو تک آسان رسائی کے بارے میں اپنی معلومات اپنی ویب سائٹ، پمفلٹ اور/یا فیس بک ایونٹ پر دیں۔

- Is there a working accessible toilet?
- Is there step-free access into the performance space?
- Are free tickets for personal assistants (PAs) available?

4. پروموٹر سے پوچھیں کہ اگر کسی کو سٹیج کے سامنے سِیٹ چاہئے، تو وہ کس طرح فراہم کریں گے۔

5. اگر اشتہار وغیرہ میں کہیں نہ بتایا گیا ہو کہ ذاتی معاون کے لئے بھی ٹکٹ کس طرح ملے گا، تو پروموٹر کو اس بات پر مائل کریں کہ وہ ذاتی معاون کے لئے بھی ٹکٹ پیش کریں۔ بہت سے لوگ اس کے لئے محض مہمانوں کی لسٹ دیکھتے ہیں اور لوگوں سے کہتے ہیں کہ وہ اس کی درخواست براہ راست کریں۔

## اگر آپ اپنا گِگ کرنا چاہتے ہیں تو ان 10 باتوں پر عمل کریں

### ★ 1. ٹکٹ

ذاتی معاون کے لئے مفت ٹکٹ پیش کریں

### 2. آسان رسائی کی معلومات

آسان رسائی کے بارے میں معلومات پیشگی آن لائن فراہم کر دیں۔

### 3. درخواستیں

لوگوں سے کہیں کہ اگر وہ ایونٹ کے دوران کوئی خاص سہولیات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کی درخواست آپ کو بھجوائیں

### ★ 4. سٹیج کے سامنے بیٹھنے کی جگہ

سٹیج کے سامنے بیٹھنے کی ایسی جگہ بنائیں جہاں تک رسائی آسان ہو

### 5. سٹروب یا فلڈ لائٹس

یہ درخواست کر دیں کہ بہت زیادہ روشنی والی سٹروب یا فلڈ لائٹس استعمال نہ کی جائیں اور لوگوں کو بھی بتا دیں

### ★ 6. کیپشن

لیپ ٹاپ اور ٹی وی استعمال کرتے ہوئے اپنی مدد آپ کے تحت اپنے ایونٹ کے بارے میں کیپشن بنائیں

### 7. آسان رسائی والا ٹائلٹ

اگر آسان رسائی والا ٹائلٹ موجود ہو تو وینیو کی انتظامیہ سے تسلی کر لیں کہ یہ صحیح کام کر رہا ہے

### ★ 8. خاموشی والی جگہ یا کمرہ

اگر جگہ دستیاب ہو تو خاموشی والی کوئی جگہ یا کمرہ بنا دیں

### 9. ہراسیت

لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ کسی بھی طرح کی ہراسیت کی اطلاع دیں


### 10. خاطر تواضع

وینیو کی انتظامیہ سے بات کر کے تسلی کر لیں کہ خاطر تواضع کی جگہ یا بار میں آسان رسائی کی سہولیات دستیاب ہیں، تاکہ جن لوگوں کو اونچے کاؤنٹر کی وجہ سے کوئی مسئلہ پیش آتا ہے، وہ ان سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں

★ اس گائیڈ کے آخر میں گِگ کے انتظامات کے سلسلے میں دی گئی مفید باتیں پڑھیں اور ان سے فائدہ اٹھائیں!

"پرفارمنس دینے کی بات ہو یا کوئی گِگ دیکھنے
کی، میرے نزدیک گانے کے بول سب سے اہم ہیں۔ ایک
بینڈ ہونے کے ناطے ہم اس بات کو سب سے زیادہ
اہمیت دیتے ہیں کہ آپ کے شائقین کو پتہ ہونا
چاہئے کہ آپ کیا گا رہے ہیں اور وہ بھی اس سے
اسی طرح لطف اندوز ہو سکیں جس طرح
ہم ہو رہے ہیں"

اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت
گِگ کے لئے کیپشن بنانے پر
The Awkward Silences
نامی بینڈ کے پال ہاکنز کے خیالات۔
پال ہاکنز کو یہ اعزاز حاصل ہے
کہ انہوں نے پہلی بار دی گنرز،
لندن میں اپنے بینڈ کی 'آؤٹ
سائیڈر پاپ نائٹس' میں یہ طریقہ
استعمال کیا۔






**اگر آپ اپنی مدد آپ کے تحت کسی ایسے ٹوئر یا ایونٹ کے انتظامات کرنا چاہتے ہیں اور اسے پروموٹ کرنا چاہتے ہیں جس میں سب لوگ حصہ لے سکیں، تو چند اہم باتیں ہمیشہ آپ کو ذہن میں رکھنی چاہئیں جو کسی بھی شو کے لئے بہت اہم ہیں**

| | |
|---|---|
| **ٹکٹ** | **گانوں کے بول** |
| ذاتی معاون کے لئے ٹکٹ پیش کئے جا رہے ہیں | شو کے بارے میں کیپشن بنا لئے ہیں |
| **آسان رسائی** | **آسان رسائی والا ٹائلٹ** |
| سڑک سے سٹیج تک، راستے میں کہیں سیڑھیاں نہیں ہیں | آسان رسائی والا ٹائلٹ (وینیو کی انتظامیہ سے تسلی کر لیں کہ یہ صحیح کام کر رہا ہے) |
| **سٹیج کے سامنے بیٹھنے کی جگہ** | **آن لائن معلومات** |
| سٹیج کے سامنے جگہ/ آسان رسائی والی سیٹیں بنائی گئی ہیں | آسان رسائی کے بارے میں معلومات وینیو کی ویب سائٹ پر اور اپنے ٹوئر پیج پر دیں |
| **سٹروب یا فلڈ لائٹس کی پالیسی** | **معاون کتے کی پالیسی** |
| سٹروب یا فلڈ لائٹس کی اجازت نہیں ہے | معاون کتے کو ضرور ساتھ لائیں |

# معذور آرٹسٹوں کی بکنگ کے لئے 5 مفید باتیں

**1.** ایسے وینیو استعمال کریں جہاں سٹیج تک پہنچنے کے راستے میں کوئی سیڑھیاں نہ ہوں یا پھر وینیو کی انتظامیہ آپ کو ایسی کوئی اور جگہ دینے کے لئے تیار ہو، جس کے راستے میں کوئی سیڑھیاں نہ ہوں

**2.** ہر طرح کے بینڈز کی بکنگ کریں تاکہ ہر طرح کے لوگ آئیں

**3.** ساؤنڈ چیک وغیرہ کے لئے مناسب وقت دیں۔ اس بات کے لئے تیار رہیں کہ لوگ سوالات بھی پوچھیں گے اور ہر کسی کا بات کرنے کا اپنا انداز ہو گا

**4.** بینڈز کو بلائیں، ان سے بات کریں کہ کیا انہیں آسان رسائی کی کسی سہولیات کی ضرورت ہے، البتہ پہلے ان سے اجازت لے لیں اور اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ یہ باتیں وینیو کے متعلقہ عملے کے علم میں ہوں

**5.** اپنی ویب سائٹ میں نمایاں جگہ پر آسان رسائی کے بارے میں بتا دیں تاکہ لوگوں کو پتہ چل جائے کہ شو کے دوران کس طرح کے انتظامات ہوں گے

# 5

# مفید باتیں
# آسان رسائی پر پمفلٹ بنانے کے لئے

1. لفظوں اور تصویروں کو آپس میں گڈمڈ نہ کریں

---

2. زیادہ سے زیادہ بڑے سائز کا فونٹ استعمال کریں

---

3. لفظوں کو کنٹراسٹ رنگ دے کر پمفلٹ پر نمایاں بنائیں

---

4. ایسے فونٹ استعمال کریں جو پڑھنے میں آسان ہوں

---

5. گِگ کے دوران آسان رسائی کے بارے میں معلومات دیں یعنی ”راستے میں کہیں کوئی سیڑھیاں نہیں ہیں/ ٹائلٹ آسان رسائی میں ہیں“




رابطے کے لئے ای میل پتہ اور ساتھ ہی لوگوں سے کہیں کہ اگر وہ کوئی بھی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو ضرور رابطہ کریں

### کیا پرفارمنس کی جگہ تک راستے میں کہیں کوئی سیڑھیاں ہیں؟

صرف اتنا کہہ دیں کہ ”کوئی سیڑھیاں نہیں ہیں“ یا اگر ایسا کوئی انتظام نہ ہو تو صحیح صورتحال بتا دیں یعنی ”گِگ کی جگہ تک پہنچنے کے لئے لفٹ کی سہولت میسر نہیں ہے“

### کیا لوگوں کو سٹیج کے سامنے سیٹ مل سکتی ہے؟

اگر کسی کو اس کی ضرورت ہو تو سیٹوں کی ترتیب بتا دیں

### کیا آسان رسائی والا ٹائلٹ موجود ہے؟

لکھ دیں کہ ”آسان رسائی والا ٹائلٹ دستیاب ہے“ یا اگر نہ ہو، تو بتا دیں کہ ”آسان رسائی والا ٹائلٹ دستیاب نہیں ہے –قریب ترین ٹائلٹ [یہاں جگہ لکھ دیں] میں دستیاب ہے“

### کیا لوگ ذاتی معاون کے لئے ٹکٹ کی درخواست کر سکتے ہیں؟


اس کا طریقہ بتا دیں

اگر لوگوں کی سہولت کے لئے آسان رسائی کی کسی دیگر سہولیات کا انتظام کیا گیا ہے (مثلاً سٹروب لائٹس کی اجازت نہیں ہے) تو اپنے ایونٹ پیج پر اس کی معلومات فراہم کر دیں



# اگر میری ریگولر نائٹ کسی ایسے وینیو پر ہو جہاں آسان رسائی ممکن نہ ہو تو میں کیا کروں...

آپ جو وینیو استعمال کر رہے ہیں، اگر اس میں سیڑھیاں ہوں یا آسان رسائی والا کوئی ٹائلٹ نہ ہو، تو بھی آپ کچھ کام ضرور کر سکتے ہیں!



آسان رسائی والا ٹائلٹ نہیں ہے؟

پہلے یہ پتہ لگائیں کہ آسان رسائی والا قریب ترین ٹائلٹ کہاں ہے اور پھر اس کے بارے میں لوگوں کو پہلے سے بتا دیں۔

کیا وینیو تک پہنچنے کے راستے میں کہیں ایک یا دو قدم والی سیڑھیاں آتی ہیں؟



وینیو کی انتظامیہ سے کہیں کہ ایک پورٹیبل ریمپ کا انتظام کریں، جسے کسی بھی نائٹ پر استعمال کیا جا سکے۔ اگر یہ محفوظ ہو اور عملی طور پر ممکن ہو تو اس کی فراہمی ان کی ذمہ داری ہے۔

کیا گِگ کی جگہ تک پہنچنے کے راستے میں بہت سی سیڑھیاں آتی ہیں؟



اب یہ دیکھیں کہ کیا آپ وینیو کی مختلف چیزوں کی جگہیں آپس میں بدل کر اپنی نائٹ کے لئے آسان رسائی والے ایک کمرے کا انتظام کر سکتے ہیں، یا اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو معلومات آن لائن ضرور فراہم کریں تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ راستے میں سیڑھیاں ہیں، ان کے قدموں کی تعداد اتنی ہے اور کیا ان کے ساتھ ہینڈریل لگی ہے یا نہیں۔

کچھ لوگ شاید سیڑھیاں اترنے یا چڑھنے میں تو کامیاب ہو جائیں لیکن اس کے بعد انہیں گِگ کے لئے سِیٹ کی ضرورت پڑے گی۔ آپ کا وینیو کوئی بھی ہو، اس میں سیٹوں کو آسان رسائی والی ترتیب میں لگانے کی پوری کوشش کریں۔



| گِگ کے لئے ٹوٹکے: نمبر 1 | 👁 | سٹیج کے سامنے آسان رسائی والی سیٹوں کی جگہ |
|---|---|---|

## کیا؟

وینیو میں ایک مقررہ جگہ جہاں لوگ بیٹھ سکیں اور جہاں سے سٹیج نظر آئے۔ گنجائش کے مطابق اس جگہ کا انتظام پیشگی کیا جا سکتا ہے یا یا اگر کوئی سیٹ مانگے تو اسے سیٹ لینے میں مدد دی جا سکتی ہے۔

## کیوں؟

اس جگہ کو وہیل چیئر استعمال کرنے والے افراد بھی استعمال کر سکتے ہیں یا کوئی بھی ایسا شخص جسے بیٹھ کر شو دیکھنا ہو یا جو بہت زیادہ ہجوم سے کتراتے ہوں۔ کئی طرح کے مختلف لوگوں کو اس کی ضرورت پڑ سکتی ہے جن میں بعض پوشیدہ بیماریوں کا شکار افراد بھی شامل ہیں۔

## ضرورت کیا ہے:

- کرسیاں
- سٹیج کے سامنے ایسی جگہ جہاں سے سٹیج نظر آئے

## کیسے کریں:

- وینیو انتظامیہ سے بات کرکے پتہ کریں، کیا ان کے پاس کوئی ریگولر سیٹ اپ ہے۔ اگر نہیں تو ان کے ساتھ بہترین جگہ کے بارے میں بات کریں
- اگر مشکل پیش آ رہی ہو تو ان کا رابطہ ہمارے ساتھ کرائیں تاکہ ہم ان کی مدد کر سکیں
- اگر کرسیاں نہ رکھی جا سکتی ہوں تو پہلے سے منصوبہ بنا لیں کہ اگر کسی کو کرسی کی ضرورت ہو تو وہ کیسے ملے گی
- لوگوں کو پیشگی بتا دیں کہ اگر سیٹ چاہئے تو کیا کریں
- وینیو کے عملے کو معلوم ہونا چاہئے کہ انہوں نے اپنا کام کس طرح کرنا ہے

| گِگ کے لئے ٹوٹکے: نمبر 2 | | ذاتی معاون کے لئے ٹکٹ |
|---|---|---|

## کیا؟

اپنی ٹکٹ خریدنے والے معذور فرد کو اگر اپنی مدد کے لئے کسی ذاتی معاون کو ساتھ لانے کی ضرورت ہو تو اسے ایک مفت ٹکٹ دیا جائے

## کیوں؟

کسی بھی شخص کو ذاتی معاون کی ضرورت کئی وجوہات کی بناء پر ہو سکتی ہے، مثلاً سفر کرنے اور ادھر ادھر آنے جانے میں مدد دینے کے لئے، اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے لئے، فیصلے کرنے کے لئے، دوائی لینے کے لئے یا باتھ روم استعمال کرنے کے لئے۔

## ضرورت کیا ہے:

- کوئی سادہ سا طریقہ جس پر عمل کرکے لوگ کم سے کم پریشانی اٹھاتے ہوئے آپ کے گِگ کے لئے ذاتی معاون کے ٹکٹ کی درخواست دے سکیں

## کیسے کریں:

- مہمانوں کی لسٹ میں درخواست ملنے پر ذاتی معاونین کو شامل کر لیں
- لوگوں سے کہیں کہ اگر وہ درخواست دینا چاہتے ہیں تو براہ راست آپ سے رابطہ کریں۔
- ہم سمجھتے ہیں کہ چھوٹے گِگ کے معاملے میں تو لوگوں پر بھروسہ کر لیں، لیکن معقول طریقہ یہی ہے کہ مختصراً پوچھ لیں کہ شو میں آپ کے ساتھ ذاتی معاون کی شرکت کیوں ضروری ہے (بے شک طبی یا ذاتی تفصیلات نہ پوچھیں)
- لوگوں کو پہلے سے بتا دیں کہ وہ ذاتی معاون کے لئے ٹکٹ کی درخواست دے سکتے ہیں!

| گِگ کے لئے ٹوٹکے: نمبر 3 | | شو کے بارے میں کیپشن |
|---|---|---|

## کیا؟

گِگ کے کیپشن میں بینڈ کا نام دیا جاتا ہے، اس کے نغموں کے ٹائٹل اور سکرین پر انہیں پیش کرتے ہوئے ان کے بول دئیے جاتے ہیں

## کیوں؟

اس سے متاثرہ سماعت افراد کی شو تک رسائی زیادہ آسان ہو جاتی ہے۔ اس سے تمام شرکاء کو ایک نئے انداز کے ساتھ شو سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملتا ہے

## ضرورت کیا ہے:

- لیپ ٹاپ
- سلائیڈ شو سافٹ ویئر
- ٹی وی
- سیٹ کی لسٹیں اوربینڈ کے گیتوں کے بول

## کیسے کریں:

- تمام بینڈز کو بتا دیں کہ آپ اپنے شو کے بارے میں کیپشن بنا رہے ہیں
- نمونے کی مثال کے لئے ہم سے رابطہ کریں
- اسے بینڈز کو بھجوائیں اور ان سے کہیں کہ سیٹ کی ترتیب کے مطابق گانوں کے بول پر ایک سلائیڈشو بنائیں
- بینڈ اور گانے کے نام کے سلائیڈز اس میں شامل کریں +اگر وہ کوئی تصویر دینا چاہیں تو وہ بھی لگا دیں
- تمام بینڈز کی سلائیڈز کا ایک ماسٹر سلائیڈ شو بنا لیں
- اس میں اپنی سلائیڈز شامل کریں جس میں اگر آپ چاہیں تو مختلف بینڈز کی پرفارمنس کے درمیان ہونے والی سرگرمیاں بتائیں
- سٹیج پر ایک ٹی وی لگا دیں اور اسے لیپ ٹاپ کے ساتھ کنیکٹ کر لیں
- لیپ ٹاپ پر کسی کو بٹھا دیں جو ہر سیٹ کے دوران سلائیڈز پر کلک کرتا رہے
- Let people know in advance that you are providing this

| گِگ کے لئے ٹوٹکے: نمبر 4 | ☺ | خاموشی والی جگہ |
| --- | --- | --- |

## کیا؟

گِگ کی اصل جگہ سے تھوڑے فاصلے پر کوئی جگہ جہاں لوگ شور اور ہجوم سے تھوڑی دیر وقفہ لے سکیں

## کیوں؟

اگر وینیو پر کسی خاموش جگہ کی گنجائش موجود ہو تو سیکھنے کی معذوری، آٹزم اور اضطراب جیسی بیماریوں کا شکار افراد کے علاوہ ایسے کسی بھی فرد کے لئے یہ بے پناہ فائدہ مند رہتی ہے جو حسی مسائل کا شکار ہوں اور اگر وہ تھوڑی دیر کا وقفہ لے لیں تو اس کے بعد شو سے خوب لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

## ضرورت کیا ہے:

- گِگ کی مرکزی جگہ سے الگ ایک کمرہ (خاموشی جتنی زیادہ ہو گی اتنا بہتر رہے گا، لیکن جو بھی دستیاب ہو، چلے گا)
- کمرے کے باہر لگانے کے لئے ایک سائن جس سے پتہ چلے کہ یہ کمرہ کس لئے ہے
- سیٹیں – جتنی نرم ہوں اتنی بہتر ہیں
- اسے زیادہ آرام دہ اور دلچسپ بنانے کے لئے اس میں مزید کچھ چیزیں رکھی جا سکتی ہیں مثلاً فیئری لائٹس یا دھیمی دھیمی کوئی لائٹس، پانی، کوئی میگزین، پنسل اور کاغذ، کتابیں، پریشانی دور کرنے والے کھلونے وغیرہ

## کیسے کریں:

اگر کوئی موزوں کمرہ دستیاب ہو...

- اسے اس طرح سیٹ کریں کہ لوگ یہاں بیٹھ سکیں اور تھوڑی دیر کے لئے پُرسکون وقفہ لے سکیں
- جیسے ہی شو شروع ہو، اسے بھی کھول دیں
- لوگوں کو پہلے سے بتا دیں کہ یہ سہولت بھی موجود ہے

# ہمارا مشورہ ہے کہ ان لوگوں کی خدمات سے ضرور فائدہ اٹھائیں

## ڈی آئی وائی سپیس فار لندن

ڈی آئی وائی سپیس فار لندن، ایک شاندار وینیو ہے جو ہم نے ”انسائٹ ویک اَینڈ“ کے لئے استعمال کیا جسے دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ تخلیقی سوچ اور مل کر کام کرتے ہوئے معمولی خرچ پر یا کچھ خرچ کئے بغیر آسان رسائی کو کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

www.diyspaceforlondon.org

## کانسٹینٹ فلَکس

یہ ’انسائٹ ویک اَینڈ‘ کے لئے ہمارے پروگرام پارٹنر تھے اور مختلف آرٹسٹوں اور وینیوز کے ساتھ مل کر پورے برطانیہ میں کئی ٹوئرز کا اہتمام کر چکے ہیں جن میں سب لوگوں کی بھرپور شمولیت یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

www.constantflux.co.uk

# 'انسائٹ ویک اَینڈ' گِگ میں
# حصہ لینے والے چار بے مثال بینڈز



دی فش پولیس
www.thefishpolice.com

وُولف
www.woolf.bandcamp.com

ریوَینج آف کیلکولن
www.revengeofcalculon.com

دی آکوَرڈ سائلنسز
www.theawkwardsilences.com

اس گائیڈ کو پڑھنے پر ہم آپ کے شکرگزار ہیں جس کی بدولت آپ ہماری مہم کا حصہ بننے کی جانب اپنا پہلا قدم بڑھا چکے ہیں جس کا مقصد لائیو میوزک تک متاثرہ سماعت اور معذور افراد کی آسان رسائی بہتر بنانا ہے۔

ایک آرٹسٹ، بینڈ یا پروموٹر ہونے کے ناطے اصل اختیار آپ کے ہاتھ میں ہے – آپ یقیناً اپنے اوپر یہ ذمہ داری لے سکتے ہیں اور اپنے گِگ میں کئی مثبت تبدیلیاں لا سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اس گائیڈ کا بھرپور استعمال کریں گے!

اگر آپ کے خیال میں یہ گائیڈ مفید ہے تو ہمیں ضرور بتائیں اور اس بارے میں اپنے ٹویٹ ہمیں اس پتے پر بھجوائیں

**#diyaccessguide** اور **@attitudetweets**

دوسرے بینڈز، آرٹسٹوں اور پروموٹرز کو بھی یہ گائیڈ شیئر کریں۔

اگر آپ اس گائیڈ میں بتائی گئی باتوں کی روشنی میں اپنے گِگ یا ٹوئر کے انتظامات کرتے ہیں تو ہمیں ضرور بتائیں۔

جب آپ کچھ ایسے گِگ کرنے میں کامیاب ہو جائیں جن میں آپ سب لوگوں کی آسان رسائی اور شرکت یقینی بنائیں تو ایک بینڈ یا پروموٹر کی حیثیت سے آسان رسائی پر اپنا منشور اپنی ویب سائٹ پر دینے کے بارے میں ضرور سوچیں۔ اس کی ایک شاندار مثال آپ کو یہاں سے مل سکتی ہے:

http://theawkwardsilences.com/accessibility

**Good luck!**

مزید معلومات کے لئے دیکھیں اور فالو کریں:

ویب سائٹ : www.attitudeiseverything.org.uk

ٹوئٹر : @attitudetweets

انسٹاگرام : @attitudeiseverythinghq

فیس بُک : /attitudeiseverything

اس گائیڈ کے لئے مالی تعاون پی آر ایس فاؤنڈیشن اور آرٹس کونسل انگلینڈ نے کیا

PRS Foundation

Supported using public funding by ARTS COUNCIL ENGLAND

BRITISH COUNCIL

Attitude is Everything 2019 Reg Company No: 6397532 Charity No. 1121975